# Maulana Azad National Urdu University

**M.A. (Urdu) I Semester Examination - December - 2019**

**Paper : MAUR101CCT : Lisaniyaat**

**پرچہ : لسانیات**

**Time : 3 hrs** **Marks : 70**

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

---

## حصہ اول

**سوال نمبر : 1**

(i) کسی زبان کے فونیم کا تعین کس میں کیا جاتا ہے؟

(a) صوتیات (b) فونیمیات (c) مارفیمات (d) نحویات

(ii) ان میں سے کون سی آواز لب دندانی ہے؟

(a) ب (b) ت (c) ف (d) ل

(iii) ذیل میں سے کس کا تعلق مارفیمات سے نہیں ہے؟

(a) آزاد مارفیم (b) پابند مارفیم (c) صوت رکن (d) روزمرہ

(iv) ''مقدمہ تاریخ زبان اردو'' کی پہلی اشاعت کب ہوئی

(a) 1947 (b) 1948 (c) 1950 (d) 1988

(v) تالوئی آواز کی نشاندہی کیجیے۔

(a) ج چ (b) ن م (c) و ٹ (d) ان میں سے کوئی نہیں

(vi) جزو متصل کا تعلق کس سے ہے؟

(a) مارفیمات (b) نحویات (c) صوتیات (d) فونیمیات

(vii) جدید ہند آریائی دور کا آغاز کب سے ہوتا ہے

(a) 900ء (b) 1000ء (c) 1100 ء (d) 1200ء

(viii) گریرسن نے دہلی اور نواح دہلی کی بولیوں کے لیے کون سی اصطلاح استعمال کی تھی؟

(a) برج بھاشا (b) مغربی ہندی (c) قنوجی (d) کھڑی بولی

(ix) 'اردو کی اصل کھڑی بولی ہے' یہ کس نے کہا ہے

(a) سید احتشام حسین (b) گوپی چند نارنگ (c) محی الدین قادری زور (d) شوکت سبزواری

(x) معنیات کی کل کتنی شاخیں ہیں

(a) تین (b) ایک (c) دو (d) چار

## حصہ دوم

2۔ اسلوبیات کی تعریف کرتے ہوئے اس کے اہم پہلوؤں سے بحث کیجیے۔

3۔ تلفظی صوتیات پر جامع نوٹ لکھیے۔

4۔ مارفیمیات پر مدلل نوٹ تحریر کیجیے ۔

5۔ تاریخی اور تہذیبی پس منظر میں اردو زبان کے ارتقائی سفر پر روشنی ڈالیے۔

6۔ لسانیات سے آپ کیا سمجھتے ہیں تحریر کیجیے۔

7۔ عصبی لسانیات پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

8۔ لسانیات کی اہمیت وافادیت کو اجاگر کیجیے۔

9۔ فونیمیات کی تعریف کرتے ہوئے اس کے نمایاں پہلوؤں کو بیان کیجیے۔

## حصہ سوم

10۔ زبان کی تدریس کے لسانیاتی طریقہ کار پر روشنی ڈالیے۔

11۔ نحویات کے اہم پہلوؤں پر تفصیل سے بحث کیجیے

12۔ اردو زبان کے آغاز سے متعلق مسعود حسین خاں کے نظریے پر تنقیدی محاکمہ کیجیے۔

13۔ ہند آریائی زبانوں کے ارتقائی سفر کو قلم بند کیجیے۔

14۔ معنیات پر مفصل نوٹ تحریر کیجیے۔

☆☆☆